دی سٹی سکول

پی اے ایف چیپٹر

اردو ورک بک

میعاد اوّل

جماعت: ہفتم

PAF Chapter
Prep Section

حصہ تفہیم ۱۰/

ایک مفلس آدمی تنگ دستی کے ہاتھ مجبور ہو گیا تو مزدوری کی تلاش میں اپنی بستی چھوڑ کر شہر کی طرف چل پڑا۔ اثنائے سفر وہ ایک پہاڑی پر غار کے قریب سے گزرا تو اس نے دیکھا ایک خوفناک اژدہا غار کے دہانے پر بیٹھا اسے گھور رہا ہے وہ ڈر گیا۔ اس نے سوچا کہ بھاگ جائے۔ ابھی اس کے ذہن میں خیال ہی پیدا ہوا تھا کہ اژدہا بول پڑا: ''اے مسافر! تو بھاگنے کی کوشش مت کر، ویسے بھی یہ اب تیرے لیے ممکن نہیں رہا۔ میں سانس کے ذریعے تجھ کو کھینچ کر لقمہ بنا سکتا ہوں تو غریب ہے، میں تجھے ایک راستہ بتاتا ہوں، اس پر چل کر تو امیر کبیر بن جائے گا''۔ یہ سن کر غریب آدمی کا حوصلہ بندھ گیا۔ وہ ڈرتے ڈرتے اژدہے کے قریب آ کر بیٹھ گیا۔ اژدہا بولا: ''اس ملک کے بادشاہ نے خواب میں آسمان کی رنگت کو سیاہ ہوتے دیکھا ہے۔ حقیقت جاننے کے لیے اس نے بڑے بڑے تعبیر دان بلائے ہیں مگر کسی کو صحیح تعبیر معلوم نہیں، تو جا کر بادشاہ کو بتا دے کہ سیاہ آسمان قحط کی دلالت کرتا، لہٰذا بادشاہ قحط سے ملک کا تحفظ کرنے کی خاطر غلہ جمع کرے اور دیکھو! صحیح تعبیر کے صلے میں جب بادشاہ سے انعام و اکرام ملے تو اس کا نصف حصہ مجھے دے کر جانا''۔

غریب آدمی بادشاہ کے دربار میں حاضر ہونے کے لیے چل پڑا وہاں پہنچا تو دربانوں نے اس کا گرد آلود اور دریدہ لباس دیکھ کر شاہی دربار میں حاضری سے روک دیا۔ جب اس نے بار بار ان کو یقین دلایا کہ بادشاہ کے خواب کی صحیح تعبیر اس کے پاس ہے، تو دربانوں نے اس شرط پر اجازت دی کہ اگر اس کی بات جھوٹ نکلی تو اس کو سرِ عام پھانسی دے دی جائے گی۔ بادشاہ نے جب تعبیر سنی تو وہ مطمئن ہو گیا اور حکم دیا کہ چار خچروں پر اشرفیاں لاد کر اس غریب کو دے دی جائیں۔ اس نے انعام لے لیا، مگر اژدہے کے راستے کو چھوڑ کر کسی اور راستے سے گھر چلا گیا۔

سوال ا: درج ذیل عبارت توجہ سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:

ا: کسی بستی یا دیہات کی نسبت شہر میں روزگار کے مواقع زیادہ کیوں ہوتے ہیں؟ ۲/

۲: اژدھے نے مفلس آدمی سے کیا کہا تھا؟ ۲/

۳: اژدھے نے غریب آدمی کی جان کیوں بخش دی؟ ۲/

۴: غریب آدمی نے انعام ملنے کے بعد راستہ بدلنے کا فیصلہ کیوں کیا؟ ۲/

۵: اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ ۲/

PAF Chapter Prep Section

حصہ قواعد ۱۰/

سوال۱: درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد الفاظ لکھیئے۔ ۲/

ا۔ جنگل __________ ۲۔ شرائط __________

۳۔ خیالات __________ ۴۔ انعام __________

سوال۲: درج ذیل الفاظ کے مترادف تحریر کیجئے۔ ۲/

ا۔ حوصلہ __________ ۲۔ مفلس __________

۳۔ راستہ __________ ۴۔ کوشش __________

سوال۳: درج ذیل الفاظ کے متضاد تحریر کیجئے۔ ۲/

ا۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد تحریر کیجئے۔

ا۔ آسمان __________ ۲۔ صحیح __________

۳۔ قریب __________ ۳۔ حاضر __________

سوال۴: غلط فقرات کی اصلاح کیجئے۔ ۴/

ا۔ مشکلاتوں کا ہمت سے مقابلہ کرو۔

۲۔ بازار میں بہت کیچڑ ہو گیا ہے۔

۳۔ وہ غصے سے زرد پیلا ہو گیا۔

۴۔ تم نے اپنا کام ختم کرا کہ نہیں۔

سوال۵: محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

ا۔ آسمان ٹوٹ پڑنا۔

____

____

۲۔ جان خطرے میں ڈالنا۔

____

____

۳۔ خون خشک ہونا۔

____

____

PAF Chapter Prep Section

۴۔ جی بھر جانا۔

۵۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔

حصہ ضرب الامثال

ضرب الامثال اور ان کے مفہوم فہرست سے لکھیئے۔

ضرب الامثال	مفاہیم

PAF Chapter Prep Section

/۱۰

حصہ ادب

سوال ۱: درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

۱: سبق ''آلودگی'' میں فضائی آلودگی انسانی زندگی کو کیسے متاثر کر رہی ہے؟

۲: سبق ''سرکپ'' میں سرکپ کے لوگ کس وجہ سے ہراساں رہتے تھے؟

۳: سبق ''مصر کے فرماں رواں کا خواب'' میں قیدی کو بادشاہ نے اپنا مصاحب کیوں بنایا؟

۴: ''خودستائی عیب ہے او خودستا!'' اِس مصرعے کے مفہوم کی وضاحت کیجیے۔

۵: سبق ''چچا چھکن'' میں آپ کے خیال میں چچا چھکن کے سفر کی تیاری کا سب سے دلچسپ حصہ کون سا تھا؟

۶: نظم ''جاڑا اور گرمی'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

PAF Chapter Prep Section

۷: سبق ''آلودگی'' کا ۸۰ سے ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل خلاصہ تحریر کیجیے۔

یا

دیے گئے بند کی تشریح بمعہ حوالہ تحریر کیجیے۔

تُو ہے خلوت میں تُو ہے جلوت میں — کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تُو ہے
نہیں تیرے سوا یہاں کوئی — میزباں تُو ہے میہماں تُو ہے
نہ مکاں میں نہ لا مکاں میں کچھ — جلوہ فرما یہاں وہاں تُو ہے

PAF Chapter Prep Section

۸: خلاصہ لکھیئے۔

☆ مصر کے فرماں روا کا خواب

PAF Chapter Prep Section

☆ جاڑا اور گرمی

PAF Chapter Prep Section

☆ سرکپ

PAF Chapter Prep Section